**Grow Safe (Private) Limited**
*Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider*
growsafehse.com

**Ref:** GSPL/PR/26/25/20
**Date:** 26/05/2025

**NTN:** 4662393 | **STRN:** S4662393-2 **GST:** 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

## پریس ریلیز

### فائر سیفٹی: گروسیف کی جانب سے ای ایف یو ایشورنس میں تربیتی سیشن کا انعقاد

صحت، حفاظت و ماحولیات کے حوالے سے تربیت، مشاورت اور کمپلائنس کی سہولیات مہیا کرنے والی پاکستان کی نامور کمپنی گروسیف نے حال ہی میں ای ایف یو ایشورنس کے عملے کے لیے ہمہ جہت اور موثر تربیت کا اہتمام کیا۔

تربیتی عمل میں آگ سے حفاظت، فائر مارشلز کی تربیت، اور آگ بجھانے والے آلات کے استعمال اور عمارت کے ہنگامی انخلاء کا مظاہرہ شامل تھا۔

ای ایف یو کے جملہ عملے، خصوصاً متعین کردہ فائرمارشلز نے ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے تربیت حاصل کی۔

گروسیف کے عملے نے 18 منزلہ عمارت کی ہر، ہر منزل پر جا کر آگ کے حجم کا جائزہ، عملے کے سوالات کا جواب اور آگ کے بچاؤ کا نظام وضع کیا، اس کے علاوہ ہنگامی حالات کے دوران عمارت سے 3 منٹ کے محدود وقت کے اندر اخراج کا طریقہ بھی بتایا گیا۔

آگ سے بچاؤ کے نظام کو وضع کرتے ہوئے عمارت کے طویل القامت ہونے کو خصوصی طور پر مدنظر رکھا گیا تاکہ تجویز کردہ خاکہ اور منصوبہ قابلِ عمل ہو۔

گروسیف کے لیے یہ رہنمائی فراہم کرنا یوں بھی اعزاز کی بات ہے کہ ای ایف یو خود ہزاروں اداروں کو انشورنس دینے سے پہلے صحت، حفاظت و ماحولیات سے متعلق معیارات کو یقینی بناتا ہے۔

انشورنس کے شعبے میں جدت کے حوالے سے نمایاں ای ایف یو نے خود بھی آگ سے حفاظت کے ضمن میں متحرک اور سریع نظام کی تنصیب کر رکھی ہے۔

گروسیف، ای ایف یو ایشورنس کے عہدیداران، بشمول چیف ایگزیکٹو آفیسر محمد علی احمد، ڈائریکٹرفنانس/چیف فنانشل آفیسر سید شاہد عباس، اسسٹنٹ جنرل مینیجر ایڈمنسٹریشن ضیاء الرحمن اور چیف انجینئر (سینئر مینیجر) آصف اختر کی دور اندیشی اور عملے کی حفاظت و ادارہ جاتی فروغ کے لیے کیے گئے اقدام کو سراہتا ہے۔

گروسیف کا ماننا ہے کہ ای ایف یو میں تربیتی عمل کا اہتمام ادارے کی کامیابی کی نئی منازل تک رسائی کو ممکن بنائے گا۔

بشکریہ،

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED MEDIA DEPARTMENT

**حسان صدیقی**
مینیجر، کارپوریٹ میڈیا

**Grow Safe (Private) Limited**
*Together, we can grow safe*